02/07/2025

07.4O PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

۔ اب آپ سید مبشر رفاعی سے خبریں سُنیے

پہلے اہم خبروں کی سُرخیوں پر ایک نظر۔

ہیڈ لائنز

*........سالانہ شری امر نا تھ جی یاترا کے سلسلے میں جموں سے پہلا قافلہ پہنچا کشمیر// کَل یعنی3جولائی سے ہو گا پوتر گپھا میں یاتریوں کی حاضری کا باضابطہ آغاز۔

*........وزیر اعظم نریندر مودی پانچ ممالک کے دورے پرروانہ //پہلے میں آج پہنچ رہے ہیں گھانا۔

*........ مرکزی وزیر راجیو رنجن نے سرینگر میں ایک پروگرام کے دوران زرعی پید ا وار میں زمینی سط پر ترقی یقینی بنانے کیلئے دُہرایا سرکار کا عزم۔

اور

*........ کواڈ ممالک نے پہلگام دہشت گردانہ حملے کے قصورواروں کو قرار واقعی سزا دیئے جانے دیا زور۔

یاترا

سالانہ شری امر نا تھ جی یاترا کے سلسلے میں تمام تیاریاں اور انتظامات مکمل کئے گئے ہیں۔ یاترا2025کا باضابطہ آغاز کل یعنی3جولائی سے دونوں روایتی راستوں بالتل اور پہلگام سے ہو رہا ہے اور اس سلسلے میں آج ایک دن قبل ہی یاتریوں کا پہلا قافلہ وادی پہنچ گیا۔ اس سال لاکھوں کی تعداد میں یاتریوں کی آمد متوقع ہے ۔

ساوتھ کشمیر جا وید اقبال DIG کشمیر پہنچنے پر قاضی گنڈ کی نویگ ٹنل کے مقام پر یاتریوں کا باضابطہ استقبال متو// ڈپٹی کمشنر کولگام اطہر عامر خان// ایس ایس پی کولگام ساہل سرنگل اور دیگر کئی اہم شخصیات نیز مقامی لوگوں نے کیا۔

انتظامیہ ، سیول سوسائٹی اور مقامی لوگوں نے سالانہ یاترا کےلئے یاتریوں کے تئیں نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے۔ اس سال کی محفوظ یاترا کےلئے سکیورٹی کے معقول بندوبست کئے گئے ہیں-38روزہ سالانہ شری امرنا تھ جی یاترا کے سلسلے میں پیش ہے آکاشوانی نیوز سرینگر کے سربراہ طارق راتھر کی یہ رپورٹ۔

ایل جی یاترا

اس سے پہلے آج علی الصب لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے یاتریوں کی پہلے جتھے کو جموں کے بھگوتی نگر بیس کیمپ سے وادی کی طرف روانہ کیا۔

اس موقعے پر اپنے خیالات کا اظہار کر تے ہوئے انہوننے کہا کہ یاترا کیلئے تمام ضروری انتظاما ت کئے گئے ہیں۔

دریں اثنا منوج سنہا نے کہا ہے کہ اس سال کی یاترا دہشت گردی کے خلاف ایک بیان بھی ہے اوریہ وکست جموں کشمیر اور وکست بھارت کے ہمارے عزم کو تقویت بھی بخشے گی۔

مقامی لوگ

مقامی لوگوں نے کشمیر وارد ہونے پر یاتریوں کا دل سے استقبال کیا ہے۔ آج مختلف مقامات پر مقامی لوگوں نے یاتریوں کےلئے مشروبات کا انتظام رکھا تھا۔

ہمارے کولگام کے نمائندے خورشید پڈرو سے بات کر تے ہوئے چند عام شہریوں نے یاتریوں کے استقبال میں اپنے جذبات کاخوشی کے ساتھ اظہار کیا۔

...Local Bytes...

رویندر رینہ

بی جے پی کے سینئر لیڈر رویندر رینہ نے مقامی لوگوں کی طرف سے یاتریوں کے والہانہ استقبال کو باعث اطمینان قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہی حقیقی بھائی چارے کی علامت ہے۔

...Ravinder Raina...

یاتری

پہلگام کے راستے سے یاترا پر جانے والے شردھالوؤں میں آج خاصا جوش و جذبہ دیکھا گیا ۔

ہمارے اننت ناگ کے نمائندے تصدق رشید کے ساتھ بات کر تے ہوئے چند یاتری اپنے عقیدتی سفر کے بارے میں یوں گویا ہوئے۔

...Yatri Bytes...

اندرابی

جموں کشمیر وقف بور ڈکی چیر پرسن ڈاکٹر درخشان اندرابی نے بالتل میں یاتریوں کا والہانہ استقبال کیا۔اس موقعے پر انہوں نے مہا دیو سیوا سمیتی کے بھنڈارے کا بھی افتتاح کیا، جو پوری یاتر اکے دوران یاتریوں کی خدمت میں دستیاب رہے گا۔

ڈاکٹر اندرابی نے یاتریونکا پھولوں سے استقبال کرکے انہیں نیک خواہشات پیش کیں۔

DGP

اس دوران ڈائریکٹر جنرل آف پولیس نلین پربھات نے بھی آج نو یگ ٹنل قاضی گنڈ کا دورہ کرکے وہاں سکیورٹی انتظامات کا بر سر موقعہ جائزہ لیا۔

انہوننے کہاکہ محفوظ یاترا یقینی بنانے کی غرض سے تمام آفیسر گراؤنڈ پر موجود ہیں۔

گاندربل

چونکہ کئی یاتری گاندربل کے بالتل راستے سے پوتر گپھا کی طرف جا تے ہیں ،لہذا گاندر بل ضلعے خاص کر سونمرگ اور بالتل علاقوں میں بھی آج خاصی چہل پہل رہی۔

البتہ ہمارے گاندر بل کے نمائندے صابر ایوب کے ساتھ بات کر تے ہوئے ایس ایس پی گاندر بل خلیل پوسوال نے کہا کہ سکیورٹی کی وجوہات کی بنا پر یاتریوں کو کٹ آف ٹائمنگ کا خاص خیال رکھنا ہو گا۔

...SSP Ganderbal...

نشریات

اس دوران شری امر نا تھ جی یاترا کے تناظر میں آکاشوانی کے سرینگر سٹیشن میں قائم ایک مخصوص اسٹیڈیو سے خصوصی یاترا نشریات کا آغاز ہو گیا ہے، جس کا افتتاح سٹیشن کے سربراہ گُر بِندر سنگھ نے کیا۔

آکاشوانی DTH// //ویوز پلیٹ فارمOTT //بینڈ کے103.7 میگاہاٹزFMیاترا کے سلسلے میں خصوصی نشریات اور آکاشوانی کی آرادھنا چینل پر دستیاب رہیں گی۔ AIR// کی موبائل اپلیکشن نیوز آن

گُر بِندر سنگھ نے کہا کہ بالتل اور پہلگام میں2اضافی ٹرانسمٹر نصب کئے گئے ہیں۔ نشریات کے افتتاح کے موقعے پر ڈپٹی ڈائریکٹر انجینئرنگ پرمود کمار اور اسسٹنٹ ڈائریکٹر اکھلیش شرما کے علاوہ آکاشوانی سرینگر کے پروگرام ایگزیکٹیو اور خصوصی یاترا نشریات کے انچارج ڈاکٹر ستیش وِمل نیز ٹرانسمیشن ایگزیکٹیو وسیم فاروق بھی موجود تھے۔

بالتل میں افتتاحی تقریب پر ڈپٹی ڈائریکٹر انجینئرنگ راجیش سریواستو اور ٹیکنیشن اندر پال سنگھ اور مشتا ق احمد ڈار موجود تھے۔

اطلاع

سالانہ شری امر ناتھ جی یاتر اکے دوران یاترا کے مختلف راستوں پر زیرو ویسٹ یاتر ایقینی بنانے کی غرض سے محکمہ دیہی ترقیات کے شعبہ رورل سینٹیشن کی طرف سے اٹھائے گئے اقدامات کی نسبت سے ،آکاشوانی نیوز سرینگر نے شعبے کی ڈائریکٹر جنرل انو ملہوترا کے ساتھ ایک خصوصی پروگرام ریکارڈ کیا ہے، جو آج رات ساڑھے 8بجے نشر کیا جائے گا۔

ان کے ساتھ ہمکلام ہوں گے

آکاشوانی نیوز سرینگر کے سربراہ طارق راتھر

بریک

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سماعت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR خبریںآپ آکاشوانی کی موبائیل اپلیکشن نیوز آن

محرم

آج محرم الحرام کے مقدس مہینے کی چھ تاریخ ہے ۔ اس مقدس مہینے کے دوران نواسہ رسول ﷺحضرت امام حسین ؑ اور ان کے اہل بیت کرامؑ نے میدانِ کربلا میناسلام کی سر بلندی کے لئے اپنی قیمتی جانوں کا نظرانہ پیش کیا ہے۔ایام محرم کے تناظر میں شہدائے کربلا کو خراج عقیدت ادا کرنے کے لئے عزاداری کے جلوسوں ، مرثیہ خوانی اور نوحہ خوانی کی مجالس کا انعقاد جاری ہے ۔

....SALAM....

دریں اثنامحرم الحرام کی فضیلت کے بارے میں ایک معروف سکالر مولوی مجتبیٰ حسین رجائی نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

-U-(Mujtaba Hussain)--Byte--

اس دوران آج خانقاہ معلی سرینگر میں بھی ایک روح پرور مجلس حسینی منعقد ہوئی،جہانجمعیت ہمدانیہ کے سربراہ مولوی ریاض احمد ہمدانی نے شہادت حضرت امام حسین ؑ کو پوری عالم انسانیت کی بقاءکیلئے مشعل راہ قرار دیا۔

راجیو رنجن

پشو پالن ، ماہی پروری اور ڈیری کے مرکزی وزیر راجیو رنجن سنگھ نے آج شیر کشمیر یونیورسٹی آف ایگریکلچرل سائنسز کشمیر میں ”پشو پالن اور ماہی پروری کے سیکٹروں کے ساتھ 2030کے نظریے سے متعلق ایک پروگرام کا افتتاح کیا۔

اس موقعے پر وزیر موصوف نے زرعی پید ا وار میں نت نئے طریقوں اور زمینی سطح کی ترقی کیلئے سرکار کے انتھک عزم کا اظہا ر کیا جس کیلئے کسان طبقے کے مفاد میں مستقبل کے تقاضوں کی حکمت عملی پر توجہ مرکوز کی جا رہی ہے۔

اس موقعے پر جموں کشمیر کے وزیر زاعت جاوید احمد ڈار ، محکمہ زرعی پیدا وار کے پرنسپل سیکریٹری شلیندر کمار ، یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر نذیر احمد گنائی اور دیگر کئی اہم عہدیدار بھی موجود تھے۔

عمر عبداللہ

مِلک پروسیسنگ پلانٹ کے افتتاح کے UHT اس دوران وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے وزیر موصوف کے ہاتھوں موقعے پر چند ترقی پسند کسانوں کے ساتھ بات چیت کی ۔ان کسانوں نے اس سیکٹر میں وزیر اعلیٰ کے ساتھ اپنے تجربات کا اشتراک کیا۔

شیو راج سنگھ

زراعت کے مرکزی وزیر شیو راج سنگھ چوہان جمونو کشمیر کے 2روزہ دورے پر کل سرینگر پہنچ رہے ہیں۔
وہ کل سیول سیکریٹریٹ میں زراعت اور دیہی ترقی محکموں کے افسروں اور وزارت زراعت کے " نیچرل فارمنگ اینڈ نیشنل اوئل سیڈس مشن“ کی مشاورتی کمیٹی کی میٹنگ کی صدارت کریں گے۔

شیو راج سنگھ چوہان 4جولائی کو شیر کشمیر یونیورسٹی آف ایگریکلچرل سائنسز اینڈ ٹیکنالوجی سرینگر کے چھٹے کنووکیشن میں مہمان خصوصی کی حیثیت سے شرکت کریں گے۔

کنووکیشن میں لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا اور وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ بھی موجود رہیں گے۔ مرکزی وزیر کے دورہ

---

جموں وکشمیر کو یہاں کے زرعی منظر نامے کے مزید استحکام کے تناظر میں انتہائی اہم مانا جا رہا ہے۔ ۂ

صحافی

آج کھیل کے صحافیوں کا عالمی دن ہے۔ یہ دن اُن پیشہ ور کھیل صحافیوں کو خراج تحسین فراہم کرنے کا موقع فراہم کر تا ہے،جو ہمیں کھیل کود کی دنیا کے قریب پہنچاتے ہیں۔

اس دن کی اہمیت کے بارے میں جموں سے تعلق رکھنے والے ایک معروف سپورٹس جرنلسٹ رنجیت ٹھاکر نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔

...Ranjeet Thakur...

این سی

کابینہ وزیر سکینہ ایتو نے کہا ہے کہ جموں کشمیر کی موجودہ عوامی حکومت لوگونکی راحت رسانی کیلئے تمام وسائل بروئے کار لا رہی ہے۔وہ آج سرینگرمیں وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کی ہدایت پر پارٹی ہیڈ کواٹر میں عوامی وفود کے مسائل کی سنوائی کر رہی تھی۔

اس موقعے پر مختلف علاقوں سے آئے ہوئے لوگوں نے کئی طرح کے عوامی مسائل و مطالبات ان کی دانست میں لائے ۔

خانیار علی محمد ساگر نے آج شہر خاص کے کئی MLA دریں اثنا نیشنل کانفرنس کے جنرل سیکریٹری اور علاقوں کا دورہ کرکے وہاں لوگوں کے مسائل کے بارے میں جانکاری حاصل کرنے کے علاوہ تعمیراتی پروجیکٹوں کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔

ست شرما

جمونکشمیر کے صدر ست شرما نے کہاہے کہ خواتین ملک کی سیاست میں ایک ارتقائی رول ادا کر رہی ہیں۔ BJP جموں میں آج پارٹی کے مہیلا مورچہ کی ایک میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے انہوں نے کہاکہ وزیر اعظم نریندر مودی کی دور اندیش اور قائدانہ صلاحیتوں کی بدولت خواتین ہر محاذ پر خود مختار بن رہی ہیں۔ میٹنگ مینمہیلا مورچہ کی صدر سنجیتا ڈوگرہ اور دیگر کئی لیڈر بھی موجود تھے۔

آرمی چیف

آرمی چیف جنرل اوپیندر دیودی نے بھوٹان کے اپنے جاریہ سرکاری کے دوران بھوٹان کے شاہ جگمے کھیسر نمگیل وانگچک نیز دیگر اہم شخصیات سے ملاقات کرکے ان کے ساتھ باہمی دفاعی شراکت داری کو مضبوط کرنے کے امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔

JDU

جنتا دل یونائیٹیڈ جموں کشمیر کے صدر جی ایم شاہین نے سرینگر ائر پورٹ پر پنچایتی راج اور زراعت کے مرکزی وزیر راجیو رنجن سنگھ کا استقبال کیا۔

کے صدر نے پنچایتی راج اور زرعی کے شعبے کو انتہائی اہم قرار دیا۔JDU اس موقعے پر

موسم

محکمہ موسمیات کی پیش گوئی کے مطابق جموں کشمیر میں کہیں کہیں پر اگلے24گھنٹوں کے دوران گرج چمک کے ساتھ ہلکی سے درمیانہ درجے کی بارش ہونے کا امکان ہے ۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 32اعشاریہ8ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت23اعشاریہ4ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 32اعشاریہ9 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 24اعشاریہ6 ڈگری سیلسیس تھا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح 5بجکر24 منٹ پر اور غروب آفتاب شام7بجکر47منٹ پر ہو گا۔

اسکے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلٹن ختم ہوا۔

خبروں کا اگلا بلٹن آکاشوانی سے

کل صبح 7بجکر45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا۔

ہمیں دیجئے اجازت//خدا حافظ۔

...................................

...................

......